سوال

میرے ذمے پہلے ہی قرض ہے، کیا میں عمرہ ادا کرنے کے لیے قرضہ لے سکتا ہوں ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عمرہ یا حج کی ادائیگی کے لیے قرض لینا لازمی نہیں ہے۔ اگر انسان کے پاس اتنا مال موجود ہو جو اس کی بنیادی ضروریات اور اس کے زیرِ کفالت افراد کے اخراجات سے زائد ہو، اور جسمانی استطاعت بھی ہو، تو اس پر حج عمرہ کرنا لازمی ہے۔

اگر انسان حج یا عمرہ کی ادائیگی کے لیے قرض حسنہ لینا چاہتا ہو اور بعد میں آسانی سے قرض کی ادائیگی کر سکتا ہو تو اس کے لیے قرض لینا جائز ہے۔ واضح رہے کہ سود پر قرض لینا جائز نہیں ہے۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث